اطلاع برائے پینتیسواں سالانہ عام اجلاس

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ پاور سیمنٹ لمیٹڈ (''کمپنی'') کا 35واں سالانہ عام اجلاس بروز منگل، 20 اکتوبر 2026ء، صبح 11:30 بجے، پاکستان اسٹاک ایکسچینج، آڈیٹوریم، تیسری منزل، ایڈمن بلاک، اسٹاک ایکسچینج بلڈنگ، اسٹاک ایکسچینج روڈ، کراچی میں منعقد ہوگا، نیز اس اجلاس میں بذریعہ ویڈیو لنک بھی شرکت کی جاسکتی ہے، اجلاس ہذا میں درج ذیل امور انجام دیے جائیں گے۔

عمومی امور:

1۔ کمپنی کے 34ویں سالانہ عام اجلاس منعقدہ 14 اکتوبر 2025 کی کارروائی کی توثیق کرنا۔

2۔ مالی سال اختتامیہ 30 جون 2026 کے لیے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے معہ ڈائریکٹرز رپورٹ اور آڈیٹرز رپورٹ وصول کرنا، ان پر غور کرنا اور انہیں منظور کرنا۔

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (7)223 کے تحت مطلوبہ تقاضے کے مطابق، اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے 21 مارچ 2023 کو جاری کردہ S.R.O.389(I)/2023 کے مطابق، کمپنی کی مالی سال اختتامیہ 30 جون 2026 کی سالانہ رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کردی گئی ہے، جس تک درج ذیل لنک اور کیو آر کوڈ کے ذریعے رسائی حاصل کر کے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے:

https://powercement.com.pk/financial-reports/

3۔ مالی سال اختتامیہ 30 جون 2027 کے لیے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضے کا تعین کرنا۔ موجودہ آڈیٹرز، میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، اپنی مدت مکمل ہونے پر سبکدوش ہونے جارہے ہیں اور چونکہ وہ دوبارہ تقرری کے لیے اہل ہیں، اس لیے انہوں دوبارہ تقرری کے لیے اپنی خدمات پیش کی ہیں۔

خصوصی امور:

4۔ اس بات پر غور کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو، درج ذیل قراردادوں کو، جیسا کہ مناسب ہو، ترمیم کے ساتھ یا بغیر ترمیم کے، کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات 207 اور/یا 208 (جہاں قابل اطلاق ہو) کے تحت، متعلقہ فریقوں کے ساتھ کیے گئے/کیے جانے والے لین دین/معاہدات کے حوالے سے، خصوصی قراردادوں کے طور پر منظور اور توثیق کرنا:

"یہ قرارداد منظور کی جاتی ہے کہ کمپنی کی جانب سے مختلف متعلقہ فریقوں کے ساتھ کیے گئے وہ تمام لین دین، جو مالی سال اختتامیہ 30 جون 2026 کے دوران کیے گئے، جیسا کہ کمپنی کے مالیاتی گوشواروں کے نوٹ نمبر 39 میں ظاہر کیا گیا ہے، اور سیکشن (3)134 کے تحت بیان کردہ "اسٹیٹمنٹ آف میٹیریل انفارمیشن" میں درج ہے، ان کی توثیق، تصدیق اور منظوری دی جاتی ہے۔

یہ قرارداد منظور کی جاتی ہے کہ کمپنی کو اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ 30 جون 2027 کو ختم مالی سال کے دوران مختلف متعلقہ فریقوں کے ساتھ، وقتاً فوقتاً، ایسے معاہدے کرے یا لین دین کرے جیسا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے موزوں اور منظور شدہ ہو یا توثیق شدہ ہو۔ ان لین دین میں اشیاء اور ذخائر کی خرید و فروخت، خدمات کی فراہمی، فیس کی ادائیگی، اخراجات کی واپسی، قرض اور مشارکہ کی رقم کی وصولی یا ادائیگی، سرمایہ کاری کی جائیدادوں اور خرید و فروخت شامل ہو سکتی ہے۔ چونکہ چند ڈائریکٹرز کا بعض متعلقہ فریقوں کے ساتھ مشترکہ ڈائریکٹر شپ کی بنیاد پر مفاد ہو سکتا ہے، اس لیے شیئر ہولڈرز بورڈ آڈٹ کمیٹی اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کو ان تمام متعلقہ فریقوں کے لین دین کی منظوری، تصدیق اور توثیق کا اختیار دیتے ہیں۔

یہ قرارداد منظور کی جاتی ہے کہ متعلقہ فریقوں کے ساتھ کیے جانے والے لین دین، جو کہ 30 جون 2027 کو ختم مالی سال کے دوران کیے جائیں گے، وہ شیئر ہولڈرز کی جانب سے منظور شدہ تصور کیے جائیں گے، اور بعد ازاں آئندہ سالانہ عمومی اجلاس میں شیئر ہولڈرز کے سامنے توثیق اور تصدیق کے لیے پیش کیے جائیں گے۔"

دیگر امور:

5۔ چیئرمین کی اجازت سے کسی بھی دیگر امور کو زیر غور لانا۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات (3)134 اور (3)166 کے تحت اہم حقائق سے متعلق ایک بیان نوٹس ہذا کے ساتھ منسلک کیا گیا ہے۔

بحکم بورڈ

سلمان گوگن
کمپنی سیکریٹری

29 ستمبر 2026
کراچی

نوٹس:

1۔ حصص کی منتقلی کے کھاتوں کی بندش:

کمپنی کی حصص کی منتقلی کے کھاتے 13 اکتوبر 2026 سے 20 اکتوبر 2026 تک بند رہیں گی (بشمول ایام مذکورہ)۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی کے دفتر میں 12 اکتوبر 2026 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول ہونے والی منتقلیاں سالانہ عام اجلاس میں شرکت کے مقصد کے لیے بروقت تصور کی جائیں گی۔

2۔ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے سالانہ عام اجلاس کی کارروائی میں شرکت:

کمپنی اپنے شیئر ہولڈرز کو سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے جاری کردہ سرکلرز کے مطابق ویڈیو لنک سہولت کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کی سہولت فراہم کرتی ہے۔ وہ ممبران/پراکسی جو اس سہولت کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے خواہشمند ہیں، ان سے درخواست ہے کہ درج ذیل معلومات corporate@powercement.com.pk پر "Registration for 35th AGM of Power Cement Limited" کے عنوان کے ساتھ ارسال کریں، ساتھ ہی CNIC (دونوں اطراف) یا پاسپورٹ کی کارآمد نقل بھی منسلک کریں۔

حصص یافتہ کا نام	فولیو/سی ڈی سی نمبر	کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر	موبائل فون نمبر	رجسٹرڈ شدہ ای میل پتہ

ویڈیو لنک اور لاگ اِن کی تفصیلات ان شیئر ہولڈرز/پراکسی ہولڈرز کے ساتھ شیئر کی جائیں گی جن کی ای میل، جس میں اوپر بیان کردہ تمام مطلوبہ تفصیلات شامل ہوں، سالانہ عام اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل موصول ہو جائے گی۔

3۔پراکسی کی تقرری اور سالانہ عام اجلاس میں شرکت:

i۔ اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل کوئی بھی شیئر ہولڈر، کسی دوسرے شیئر ہولڈر کو اپنا پراکسی مقرر کر سکتا ہے، جسے اجلاس میں شرکت کرنے، اظہارِ خیال کرنے اور ووٹ دینے کے حوالے سے وہی حقوق حاصل ہوں گے جو کسی شیئر ہولڈر کو دستیاب ہوتے ہیں۔

ii۔ پراکسی فارم کا ایک خالی نمونہ انگریزی اور اردو دونوں زبانوں میں سالانہ رپورٹ کے ساتھ منسلک ہے۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے: https://powercement.com.pk/notices/

iii۔ پراکسی فارم کو مؤثر بنانے کے لیے ضروری ہے کہ یہ کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر، مقام گراؤنڈ فلور، عارف حبیب سینٹر، 23، ایم۔ٹی۔خان روڈ، کراچی میں اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے موصول ہو جائے۔

iv۔ سنٹرل ڈپازٹری کمپنی کے اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے بھی ضروری ہے کہ وہ ایس ای سی پی کی جانب سے جاری کردہ سرکلر نمبر 1، مورخہ 26 جنوری 2000 میں درج رہنما اصولوں پر عمل کریں۔

v۔ کسی کارپوریٹ ادارے کی جانب سے پراکسی مقرر کیے جانے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ اور پراکسی کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقل پراکسی فارم کے ساتھ جمع کروانا ضروری ہوگا۔

4 4۔ شیئر ہولڈرز کے پتوں میں تبدیلی:

وہ شیئر ہولڈرز جن کے پاس فزیکل حصص موجود ہیں، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتے/رابطے کی تفصیلات میں کسی بھی تبدیلی سے متعلق فوری طور پر شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو مطلع کریں۔ جبکہ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنے متعلقہ سی ڈی سی شراکت دار/انویسٹر اکاؤنٹ سروس فراہم کار سے رابطہ کریں۔

5۔آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی بذریعہ ای میل ترسیل:

15اکتوبر 2016 کو منعقدہ 25ویں سالانہ اجلاس عام میں حصص داروں نے منظوری دی تھی کہ سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کو پرنٹ شدہ شکل میں بھیجنے کے بجائے CD/DVD/USB/ای میل کے ذریعے سافٹ فارم میں بھیجا جائے، جیسا کہ SRO787(1)/2014 مجریہ 8 ستمبر2014اور SRO470(1)/2016 مجریہ 31مئی 2016 میں بیان کیا گیا ہے۔لہٰذا کمپنی نے مالیاتی رپورٹس شیئر ہولڈرز کو ان کے رجسٹرڈ ای میل ایڈریس پر ارسال کر دی ہیں، جیسا کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 223(6) کے تحت اجازت دی گئی ہے۔تاہم، جو شیئر ہولڈرز مالیاتی گوشواروں کی پرنٹ شدہ کاپی حاصل کرنا چاہتے ہیں، وہ "اسٹینڈرڈ ریکویسٹ فارم" (کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب) کے ذریعے کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر درخواست بھیج سکتے ہیں۔

6۔کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/این ٹی این (جمع کروانا لازمی ہے)

وہ انفرادی ممبران جنہوں نے ابھی تک کمپنی یا شیئر رجسٹرار کو اپنا درست CNIC جمع نہیں کروایا، ان سے درخواست ہے کہ جلد از جلد CNIC کی کاپی براہ راست CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو ارسال کریں۔کارپوریٹ ادارے اپنا نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) فراہم کریں۔CNIC/NTN کی تفصیلات کے ساتھ اپنا فولیو نمبر بھی فراہم کریں۔۔

7۔ویب سائٹ پر مالیاتی گوشواروں اور رپورٹس کی دستیابی:

کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی دفعہ (7) 223 کی دفعات کے مطابق، کمپنی کے مالی سال اختتامیہ 30 جون 2026 کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں:https://powercement.com.pk/financial-reports/۔

8۔ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے لیے رضامندی:

کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی دفعہ (b) (1)134 کی تعمیل میں، کمپنی کے شیئر ہولڈرز ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے سالانہ عام اجلاس میں شرکت اور کارروائی میں حصہ لے سکتے ہیں، بشرطیکہ کراچی کے علاوہ کسی دوسرے شہر میں رہنے والے شیئر ہولڈر یا شیئر ہولڈرز، جو مجموعی طور پر کمپنی کے 10 فیصد یا اس سے زیادہ حصص رکھتے ہوں، تحریری طور پر یہ مطالبہ کریں کہ وہ ویڈیو کانفرنس کے ذریعے سالانہ عام اجلاس میں شرکت کرنا چاہتے ہیں۔یہ تحریری مطالبہ سالانہ عام اجلاس کی تاریخ سے کم از کم دس (10) دن پہلے کیا جانا ضروری ہے۔

اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لیے شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ مطلوبہ معلومات کے ساتھ درج ذیل فارم کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں جمع کرائیں۔

میں/ہم ____________________ ولد/بنت ________________________، پاور سیمنٹ لمیٹڈ کے شیئر ہولڈر/شیئر ہولڈرز ہونے کی حیثیت سے، رجسٹرڈ فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ________________ کے تحت ________________ عام/ترجیحی حصص کا/کے حامل، بذریعہ ہذا ____________________________ مقام پر ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنے کا/کے اختیار حاصل کرنے کے خواہاں ہیں۔

____________________	____________________
نام و دستخط	تاریخ

کمپنی شیئر ہولڈرز کو سالانہ عام اجلاس کی تاریخ سے کم از کم پانچ (05) دن پہلے ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے مقام کے بارے میں مطلع کرے گی، اور انہیں اس سہولت تک رسائی حاصل کرنے کے قابل بنانے کے لیے تمام ضروری معلومات بھی فراہم کرے گی۔

9۔ خصوصی کاروباری قراردادوں پر ووٹنگ:

شیئر ہولڈرز کو بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 (''ضوابط'') کے تحت، جن میں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ SRO 2192(1)/2022 مورخہ 5 دسمبر 2022 کے ذریعے ترمیم کی گئی ہے، ایس ای سی پی نے تمام لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ شیئر ہولڈرز کو خصوصی امور کے طور پر درجہ بند تمام امور پر الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت اور ڈاک کے ذریعے ووٹ دینے کا حق فراہم کریں۔

اسی کے مطابق، کمپنی کے شیئر ہولڈرز کو مذکورہ بالا کاروباری امور کے سلسلے میں، کمپنی کی آئندہ سالانہ عام اجلاس جو کہ 20 اکتوبر 2026ء کو صبح 11:30 بجے منعقد کیا جائے گا، الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت یا ڈاک کے ذریعے ووٹ دینے اور اپنا حقِ رائے دہی استعمال کرنے کی اجازت ہوگی، جو مذکورہ بالا ضوابط میں درج تقاضوں کے مطابق اور ان میں بیان کردہ شرائط سے مشروط ہوگی۔

شیئر ہولڈرز کی سہولت کے لیے کمپنی کی ویب سائٹ: www.powercement.com.pk پر ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے دستیاب ہے۔

الف۔ ای ووٹنگ کا طریقہ کار:

i۔ ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات ان شیئر ہولڈرز کو ای میل کے ذریعے فراہم کی جائیں گی جن کے کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر، موبائل نمبر اور ای میل کے پتے کمپنی کے شیئر ہولڈرز کے رجسٹر میں 12 اکتوبر 2026 کو کاروباری اوقات کے اختتام سے پہلے دستیاب ہوں گے۔

ii۔ ویب ایڈریس، لاگ اِن کی تفصیلات اور پاس ورڈ شیئر ہولڈرز کو ای میل کے ذریعے فراہم کیے جائیں گے۔ سیکیورٹی کوڈز شیئر ہولڈرز کو سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے ویب پورٹل، جو کہ ای ووٹنگ کی سہولت فراہم کرنے والا ادارہ ہے، سے بذریعہ ایس ایم ایس بھیجے جائیں گے۔

iii۔ ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کے خواہش مند شیئر ہولڈرز کی شناخت کی تصدیق الیکٹرانک دستخط یا لاگ اِن کے لیے تصدیقی عمل کے ذریعے کی جائے گی۔

iv۔ ای ووٹنگ کی لائنیں 14 اکتوبر 2026 سے شروع ہوں گی اور 19 اکتوبر 2026 کو شام 5:00 بجے بند ہو جائیں گی۔

v۔ شیئر ہولڈرز اس مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ ایک مرتبہ کسی شیئر ہولڈر کی جانب سے کسی قرارداد کے حق میں یا اس کے خلاف ووٹ ڈال دیے جانے کے بعد، اسے بعد میں اپنا ووٹ تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

ب۔ بذریعہ ڈاک بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کا طریقہ کار:

شیئر ہولڈرز اس بات کو یقینی بنائیں کہ مکمل طور پر پُر اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل کے ساتھ، اجلاس کے چیئرمین تک ڈاک کے ذریعے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر کے پتے: گراؤنڈ فلور، عارف حبیب سینٹر، 23 ایم ٹی خان روڈ، کراچی یا بذریعہ ای میل: corporate@powercement.com.pk 19 اکتوبر 2026 کو سالانہ عام اجلاس سے ایک دن پہلے، دفتری اوقات کے دوران ہر صورت پہنچ جانا چاہیے۔ بیلٹ پیپر پر موجود دستخط کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ پر موجود دستخط سے مطابقت رکھنا لازم ہے۔

حصص یافتگان کی سہولت کے لیے بیلٹ پیپر کمپنی کی ویب سائٹ: www.powercement.com.pk پر بھی دستیاب ہے۔

فزیکل حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے سے متعلق خصوصی نوٹ:

کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی دفعہ 72 اور ایس ای سی پی کے خط نمبر CDC/ED/Misc.2016-639-640 مورخہ 26 مارچ 2021 کی تعمیل میں، لسٹڈ کمپنیوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے جاری کردہ موجودہ فزیکل حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کریں۔ مندرجہ بالا تقاضے کے پیش نظر، کمپنی کے وہ حصص یافتگان جن کے پاس فزیکل حصص موجود ہیں، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے حصص کو فزیکل صورت سے بک انٹری فارم میں جلد از جلد تبدیل کرائیں۔

فزیکل حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے سے حصص یافتگان کو بہت سے طریقوں سے سہولت حاصل ہوگی، مثلاً: حصص کی محفوظ تحویل، حصص کی فوری فروخت اور خریداری کے لیے فوری طور پر دستیاب مارکیٹ، حصص کے گم ہونے اور نقصان پہنچنے کے خطرے کا خاتمہ، فزیکل حصص کے مقابلے میں کم رسمی کارروائیوں کے ساتھ حصص کی آسان اور محفوظ منتقلی۔ کمپنی کے حصص یافتگان فزیکل حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کے سلسلے میں معاونت کے لیے کمپنی کے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

کسی بھی سوال/مسئلے/معلومات کے لیے شیئر ہولڈرز کمپنی کے شیئر رجسٹرار سے درج ذیل پتے پر رابطہ کر سکتے ہیں:

سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ

سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس

مین شاہراہ فیصل، کراچی۔

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (3)134 کے تحت اہم حقائق کا بیان

ایجنڈا آئٹم نمبر 4

کمپنی معمول کے مطابق اپنے متعلقہ فریقوں (Related Parties) کے ساتھ انتظامات کرتی ہے اور لین دین انجام دیتی ہے، جو اس کی پالیسیوں اور قابل اطلاق قوانین و ضوابط کے مطابق ہوتے ہیں۔ بعض متعلقہ فریقوں کے لین دین، جن میں چند ڈائریکٹرز کی دلچسپی ہے، ممبران کی منظوری کے متقاضی ہیں جیسا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعات 207 اور / یا 208 (جہاں قابل اطلاق ہوں) اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کے ریگولیشن 15 کے ساتھ پڑھے جانے پر واضح ہوتا ہے۔

کمپنی اپنے متعلقہ فریقوں کے ساتھ لین دین اور معاہدے بنیادی طور پر شفافیت کی بنیاد پر کرتی ہے، جیسا کہ "متعلقہ فریقوں کے ساتھ لین دین" کے حوالے سے منظور شدہ پالیسی کے مطابق کاروبار کے معمول کے دوران کیا جاتا ہے۔ تمام متعلقہ فریقوں کے ساتھ کیے گئے لین دین / معاہدے بورڈ آڈٹ کمیٹی کی سفارش کے تابع ہیں، جس کی سربراہی کمپنی کے ایک غیر جانبدار. ڈائریکٹر کے پاس ہے۔ بورڈ آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر یہ معاہدے / لین دین بورڈ آف ڈائریکٹرز کے سامنے منظوری کے لیے پیش کیے جاتے ہیں۔

ان متعلقہ فریقوں کے ساتھ تعلق کی نوعیت بھی کمپنی کے مالیاتی گوشواروں برائے مالی سال اختتامیہ 30 جون 2026 کے نوٹ 39 میں ظاہر کر دی گئی ہے۔ ڈائریکٹرز اس قرارداد میں صرف اسی حد تک دلچسپی رکھتے ہیں جس قدر ان کے مشترکہ ڈائریکٹرشپ یا شیئر ہولڈنگز ان متعلقہ فریقوں میں ہیں۔ شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے، کمپنی کے چوتیسویں سالانہ اجلاس عام میں ممبران کی منظوری حاصل کی گئی، جس کے تحت بورڈ آف ڈائریکٹرز کو اختیار دیا گیا ہے کہ وہ کمپنی کی جانب سے وقتاً فوقتاً) ہر معاملے کی بنیاد پر (مالی سال اختتامیہ 30 جون 2026 کے دوران کئے گئے متعلقہ فریقوں کے ساتھ لین دین کی منظوری دے سکے۔ متعلقہ فریقوں کے ساتھ لین دین اب سالانہ اجلاس عام میں، ممبران کی توثیق اور منظوری کے لیے پیش کی جا رہی ہیں۔

مزید برآں، کمپنی وقتاً فوقتاً مختلف متعلقہ فریقوں کے ساتھ مناسب سمجھی جانے والی حد تک انتظامات کرے گی یا لین دین انجام دے گی جو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے منظور یا توثیق شدہ ہو، مالی سال اختتامیہ 30 جون 2027 کے دوران۔ ان لین دین میں اشیاء اور انوینٹری کی خرید و فروخت، خدمات کی فراہمی، فیس کی ادائیگی، اخراجات کی واپسی، قرض یا مشارکہ کی وصولی یا ادائیگی، سرمایہ کاری کی جائیدادوں کی خرید و فروخت شامل ہو سکتی ہیں۔ چونکہ بعض ڈائریکٹرز کو مشترکہ ڈائریکٹرشپ کی وجہ سے کچھ متعلقہ فریقوں کے لین دین میں دلچسپی ہو گی، اس لیے ممبران سے منظوری طلب کی جا رہی ہے تاکہ کمپنی کو اختیار دیا جا سکے کہ وہ متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ ایسے لین دین اور معاہدے کرے، اور مزید یہ کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کو اختیار و اجازت دی جائے کہ وہ مالی سال اختتامیہ 30 جون 2027 کے لیے کمپنی کی جانب سے کیے جانے والے متعلقہ فریقوں کے لین دین کو منظور کر سکیں۔